| آپ اس فارم کو مکمل کرنے کے بعد اس پر دستخط کر کے، اپنے یا 16 سال سے کم عمر کسی فرد کے لیے، دماغی بیماری کے علاج کے لیے ہسپتال میں داخلہ حاصل سکتے ہیں۔ یہ داخلہ رضاکارانہ بنیادوں پر کیا جائے گا۔ براہ کرم اس فارم کو مکمل کرنے سے پہلے ذیلی معلومات کو دھیان سے پڑھ لیں۔<br><br>ریاستی اور وفاقی قوانین کے تحت نسل، قومیت، عقیدے، قومی پس منظر، عمر، جنس، جنسی رجحان یا معذوری کی بنیاد پر امتیاز ممنوع ہے۔ | **ہسپتال میں داخلے کے لیے رضاکارانہ درخواست**<br>**(دماغی حفظان صحت کا قانون سیکشن §§9.09، 9.13، اور 9.23)** |
|---|---|

## I. رضاکارانہ داخلے کے تقاضے

### A. درخواست

کسی میں ذہنی ہسپتال میں رضاکارانہ بنیاد پر داخلے کے لیے، 18 سال سے زائد عمر کا فرد یا ایسا فرد جس کی عمر 18 سال سے کم ہو اور جو ذہنی حفظانِ صحت کے قانون کی دفعہ 33.21 کے تحت رضامندی دے سکتا ہو، اسے لازمی طور پر داخلے کے حوالے سے رضاکارانہ طور پر تحریری درخواست دینی ہو گی۔ اگر اس فرد کی عمر 16 سال سے کم ہو، تو داخلے کے لیے تحریری درخواست لازمی طور پر درج ذیل میں سے کسی ایک کی جانب سے دی جائے گی:

- والد/والدہ، قانونی سرپرست، یا قریبی رشتہ دار؛
- سوشل سروسز کے قانون کے مطابق فرد کی نگہداشت اور تحویل رکھنے والا سوشل سروسز کا اہلکار یا مجاز ایجنسی، بشرطیکہ یہ کسی عدالتی حکم یا سوشل سروسز کے قانون کی دفعہ 384-a کے تحت نافذ کردہ کسی دستاویز کی شرائط کے تابع ہو؛
- ریاستِ نیو یارک کے بچوں اور خاندان کے دفتر (OCFS) کا ڈائریکٹر، جو ایگزیکٹو قانون کی دفعہ 509 کے مطابق عمل کرے؛
- ایسا فرد یا کسی ادارے کا مجاز نمائندہ جس کے پاس عائلی عدالت کے ایکٹ کی دفعہ 756 یا دفعہ 1055 کے تحت فرد کی تحویل ہو۔

اگر کسی فرد کی عمر 16 سال سے زیادہ اور 18 سال سے کم ہے، تو ہسپتال کا ڈائریکٹر اپنی صوابدید پر مذکورہ فرد کو یا تو اس کی اپنی درخواست پر رضاکارانہ مریض کے طور پر داخل کر سکتا ہے یا ان افراد میں سے کسی کی درخواست پر داخل کر سکتا ہے جو 16 سال سے کم عمر مریضوں کے داخلے کی درخواست دینے کے مجاز ہیں۔

### B. داخلے کی موزونیت

ہسپتال کے ڈائریکٹر کو لازمی طور پر یہ اطمینان کرنا ہو گا کہ اس فرد کو ایسی ذہنی بیماری لاحق ہے جس کے لیے ذہنی ہسپتال میں نگہداشت اور علاج موزوں ہے اور یہ کہ وہ فرد رضاکارانہ داخلے کے لیے موزوں ہے، جیسا کہ ذیل میں C میں بیان کیا گیا ہے۔

### C. داخلے کے لیے موزونیت

کسی فرد کے ہسپتال میں رضاکارانہ داخلے کے حوالے سے موزوں قرار پانے کے لیے لازمی ہے، کہ انہیں درج ذیل امور سے آگاہ کیا جائے اور وہ انہیں سمجھنے کی صلاحیت رکھتے ہوں:

- کہ وہ داخلے کے لیے درخواست دے رہے ہیں؛
- کہ وہ جس ہسپتال میں داخلے کی درخواست کر رہے ہیں وہ ہسپتال ذہنی مریضوں کا ہسپتال ہے؛ اور
- رضاکارانہ حیثیت کی نوعیت اور ڈسچارج ہونے یا غیر رضاکارانہ حیثیت میں تبدیلی سے متعلق ضوابط۔

### D. تبدیلی

کسی غیر رضاکارانہ مریض کو رضاکارانہ حیثیت میں تبدیل کرنے کے لیے، داخلے کی تحریری درخواست اور موزونیت سے متعلق اوپر دیے گئے تقاضے بھی لاگو ہوتے ہیں۔

### E. الیکٹرانک دستخط

فراہم کنندہ کی صحت کے الیکٹرانک ریکارڈ کے ذریعے سے، اور الیکٹرانک دستخط اور ریکارڈز کے ایکٹ کے مطابق، OMH فارمز 472، 472-SR1، اور 472-SR2 کو الیکٹرانک طریقے سے مکمل کر کے اس پر دستخط کیے جا سکتے ہیں۔ فراہم کنندگان کو لازمی طور پر یقینی بنانا ہو گا کہ یہ فارمز پرنٹ کیے جا سکیں اور/یا مریض، مریض کے سرپرست، داخلے والے ہسپتال، اور ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروسز کو منظور شدہ فارمیٹ میں ڈیلیور کیے جا سکیں۔

## II. رضاکارانہ حیثیت کی عمومی دفعات

رضاکارانہ حیثیت کے حامل مریضوں کو داخلے کے وقت یا رضاکارانہ حیثیت میں تبدیلی اور اس کے بعد ہر 120 دن بعد ان کی حیثیت اور حقوق سے متعلق لازمی طور پر تحریری نوٹس دیا جائے گا۔ اس سلسلہ وار اطلاع کے وقت، رضاکارانہ مریض کے طور پر ان کے قیام کو برقرار رکھنے کے لیے مریض کی تحریری رضامندی حاصل کی جائے گی اور ایسی رضامندی کی ایک نقل ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس کو دی جائے گی۔ رضاکارانہ حیثیت کے حامل کسی بھی مریض کو بارہ ماہ سے زیادہ عرصے کے لیے اس حیثیت میں نہیں رکھا جائے گا، جب تک کہ ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس کی جانب سے اس کی موزونیت اور رضامندی کو رضاکار مریض کے طور پر برقرار رکھنے کے لیے جائزہ کا نہ لیا گیا ہو۔ رضاکارانہ حیثیت کے دوران کسی بھی وقت، مریض یا مریض کی جانب سے کام کرنے والا کوئی بھی فرد ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس سے معلومات یا مدد طلب کر سکتا ہے۔ اس فارم کے اگلے صفحے پر سروس سے متعلق اضافی معلومات درج ہیں۔

**III.** رضاکارانہ حیثیت کے حامل مریضوں کی ریلیز اور غیر رضاکارانہ حیثیت میں تبدیلی کے ضوابط
رضاکارانہ حیثیت کے حامل مریض: 1) اسی حیثیت کو برقرار رکھ سکتے ہیں؛ 2) شرائط کے مطابق ریلیز کیے جا سکتے ہیں؛ 3) ڈسچارج کیے جا سکتے ہیں؛ یا 4) غیر رضاکارانہ حیثیت میں تبدیل کیے جا سکتے ہیں۔

اگر کوئی رضاکارانہ حیثیت کا حامل مریض ہسپتال سے جانا چاہتا ہے تو اسے لازمی طور پر ہسپتال کے ڈائریکٹر کو تحریری نوٹس دینا ہو گا۔ ایسی نوٹس کے موصول ہونے پر،

ڈائریکٹر کو یا تو مریض کو فوری طور پر ریلیز کر دے گا، یا اگر یہ یقین کرنے کی معقول وجوہات موجود ہوں کہ مریض ہسپتال میں غیر رضاکارانہ داخلے کے معیار پر پورا اترتا ہے، تو مریض کو زیادہ سے زیادہ 72 گھنٹے کے لیے ہسپتال میں رکھا جا سکتا ہے۔ 72 گھنٹے کی مدت ختم ہونے سے پہلے، ڈائریکٹر یا تو مریض کو ریلیز کر دے گا یا عدالت سے درخواست دے گا کہ مریض کو غیر رضاکارانہ طور پر ہسپتال میں رکھا جائے۔ مریض کو اس کے سماعت کے حق کا نوٹس دیا جائے گی۔

اگر عدالت یہ تعین کرے کہ مریض ذہنی بیماری میں مبتلا ہے اور اسے غیر رضاکارانہ طور پر ہسپتال میں داخل کرنے کی ضرورت ہے، تو عدالت ایک حکم جاری کرے گی جس کے تحت مریض کو حکم کی تاریخ سے زیادہ سے زیادہ ساٹھ دن تک ہسپتال میں رکھا جا سکتا ہے۔ اگر مریض کی حالت ہسپتال میں مزید غیر رضاکارانہ داخلے کی متقاضی ہو، تو عدالت میں مریض کو آئندہ چھ ماہ اور ایک سال اور اس کے بعد مسلسل دو سال کی مدت کے لیے ہسپتال میں رکھنے کی درخواست دی جا سکتی ہے۔

اگر نابالغ مریض کی عمر سولہ سال یا اس سے زیادہ ہو، تو ریلیز کرنے کی درخواست کا نوٹس مریض خود، داخلے کے لیے ان کی درخواست دینے والے کسی شخص، برابر کا یا قریبی رشتہ دار، یا ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس کے ذریعے دیا جا سکتا ہے۔ اگر ایسا نوٹس کسی اور شخص کی طرف سے دیا جائے، تو ڈائریکٹر اپنی صوابدید پر مریض کو ڈسچارج کرنے سے انکار کر سکتا ہے اور اس انکار کی صورت میں، وہ دوسرا شخص یا ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس عدالت میں مریض کو ریلیز کرنے کی درخواست جمع کروا سکتے ہیں۔

اگر سولہ سال سے کم عمر کا نابالغ مریض ریلیز کرنے کی درخواست کا نوٹس بھیجے، تو ڈائریکٹر اپنی صوابدید پر مریض کو ڈسچارج کرنے سے انکار کر سکتا ہے اور اس انکار کی صورت میں، نابالغ مریض کے داخلے کے لیے درخواست دینے والا شخص، مساوی یا زیادہ قریبی رشتہ رکھنے والا فرد، یا ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس عدالت میں مریض کو ریلیز کرنے کی درخواست جمع کروا سکتے ہیں۔

## IV. ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروسز کو 18 سال سے کم عمر مریضوں کے داخلے، ایک قانونی حیثیت سے دوسری میں تبدیلی، اور منتقلی یا ریلیز کے متعلق اطلاع۔

جب 18 سال سے کم عمر کسی فرد کو کسی بھی ہسپتال میں داخل کیا جائے یا اس کے داخلے کی قانونی حیثیت ایک سے دوسری میں تبدیل کی جائے، تو ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس کو داخلے یا تبدیلی کے تین دن کے اندر اطلاع دی جائے گی۔ اس اطلاع میں فرد کی عمر اور داخلے کی حیثیت کی وضاحت کی جائے گی۔

18 سال سے کم عمر کے رضاکارانہ مریض کو ان کی ذاتی درخواست پر ان کی پیشگی اجازت کے بغیر منتقل نہیں کیا جائے گا، الا یہ کہ ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس کو مجوزہ منتقلی کے متعلق تین دن قبل تحریری اطلاع دے دی جائے اور سروس کو مریض کا معائنہ کرنے اور مجوزہ منتقلی کا جائزہ لینے کا موقع فراہم کیا جائے۔

اگر مناسب ہو، تو کسی دوسرے فرد کی درخواست پر داخل کیے جانے والے 18 سال سے کم عمر کسی بھی رضاکارانہ مریض کو، مریض اور اس کے والد/والدہ یا قانونی سرپرست کی پیشگی رضامندی کے بغیر منتقل نہیں کیا جائے گا، الا یہ کہ ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس کو مجوزہ منتقلی کے متعلق تین دن قبل تحریری نوٹس دے دیا جائے اور سروس کو مریض کا معائنہ کرنے اور مجوزہ منتقلی کا جائزہ لینے کا موقع فراہم کیا جائے۔

ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس کو 18 سال سے کم عمر کسی بھی مریض کی ریلیز یا منتقلی کے متعلق فوری تحریری نوٹس دیا جائے گا۔

## V. عمومی معلومات

### A. ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروسز

ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس، ریاستِ نیویارک کی عدالتی انتظامیہ کے دفتر کا ایک ادارہ ہے جو نفسیاتی مراکز میں داخل تمام مریضوں کو حفاظتی قانونی سروسز، مشورہ اور معاونت، نیز قانونی نمائندگی کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ مریضوں کو اس بات کا حق حاصل ہے کہ انہیں ہسپتال میں داخلے اور علاج سے متعلق ان کے حقوق سے آگاہ کیا جائے، اور انہیں عدالتی سماعت کا حق، وکیل کے ذریعے نمائندگی کا حق، اور خود مختار طبی رائے حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔

کئی نفسیاتی ہسپتالوں میں ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس کا دفتر موجود ہوتا ہے۔ جہاں ہسپتال میں دفتر موجود نہ ہو، وہاں سروس کا کوئی نمائندہ باقاعدگی کے ساتھ اور کثرت سے دورے کرتا ہے۔ کوئی بھی مریض یا اس مریض کے نام پر کوئی فرد سروس کے دفتر کو براہ راست فون کر کے یا خط لکھ کر سروس کے نمائندے سے ملاقات یا رابطہ کر سکتا ہے، یا مریض کے وارڈ کے عملے کے کسی شخص سے درخواست کر سکتا ہے کہ وہ اس مریض کے لیے اس حوالے سے انتظامات کریں۔ اس ہسپتال کے لیے ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس کے نمائندے سے درج ذیل پر رابطہ کیا جا سکتا ہے

________________________________________________________

### B. باز ادائیگی

مریض قانونی طور پر نگہداشت کے اخراجات کی ادائیگی کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ مریض کے شریکِ حیات اور بعض صورتوں میں 21 سال سے کم عمر مریض کے والدین بھی ذمہ دار ہوتے ہیں۔ اسی طرح کمیٹی، سرپرست، یا مریض کی کفالت کے لیے قائم کردہ ٹرسٹ فنڈ کے ٹرسٹی، یا مریض کے فنڈز کے کسی بھی امین یا وصول کنندہ پر بھی قانونی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ ادائیگی کی استطاعت نہ ہونے کی صورت میں اخراجات معاف یا ان میں کمی کی جا سکتی ہے۔ جو شخص بھی اخراجات کی معافی یا کمی کے لیے درخواست دے، اسے ادائیگی کی استطاعت کے تعین کے سلسلے میں مالی تحقیقات میں لازمی طور پر تعاون کرنا ہو گا۔

| | |
|---|---|
| **ہسپتال میں داخلے کے لیے رضاکارانہ درخواست**<br>**(دماغی حفظان صحت کا قانون سیکشن §§9.13، اور 9.23)**<br>*مکمل کرنے سے پہلے، پچھلے صفحات پر درج ہدایات کو پڑھیں*<br>OMH فارم 472 | **نام (پہلا، آخری، .I.M)**<br>______<br>**صنف** ______ دیگر **تاریخ پیدائش** ______<br>MRN______<br>**مقام/مرکز** ______ |

**حصہ A – رضاکارانہ حیثیت کی درخواست**

اس حصے پر رضاکارانہ حیثیت یا رضاکارانہ حیثیت میں تبدیلی کے لیے درخواست دینے والے فرد کے دستخط ہونا لازمی ہے

مجھے رضاکارانہ حیثیت کی نوعیت اور ریلیز یا غیر رضاکارانہ حیثیت میں تبدیلی سے متعلق ضوابط سے آگاہ کیا گیا ہے اور میں نے انہیں سمجھ لیا ہے۔

☐ **داخلہ**

میں، ______، اس فارم کے ذریعے ______، ذہنی مریضوں کے ہسپتال میں داخلے کی درخواست دیتا/دیتی ہوں۔

☐ **رضاکارانہ حیثیت میں تبدیلی**

میں، ______، اس فارم کے ذریعے

______، ذہنی مریضوں کے ہسپتال میں رضاکارانہ حیثیت کی تبدیلی کے لیے درخواست دیتا/دیتی ہوں۔

میں درج ذیل وجوہات کی بناء پر داخلے یا رضاکارانہ حیثیت میں تبدیلی کے لیے درخواست دے رہا/رہی ہوں:

| | | |
|---|---|---|
| رضاکارانہ حیثیت یا رضاکارانہ حیثیت میں تبدیلی کی درخواست دینے والے فرد کے دستخط | تاریخ | وقت (AM/PM) |

**حصہ B - ہسپتال میں داخلے کی ضرورت اور رضاکارانہ حیثیت کے لیے موزونیت کے حوالے سے معالج اور نرس پریکٹیشنر کی تصدیق**

میں نے داخلے سے قبل مذکورہ بالا نامزد مریض کا معائنہ کر لیا ہے اور تبدیلی کی تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ:

- مریض کو ایسی ذہنی بیماری لاحق ہے جس کے لیے ذہنی ہسپتال میں نگہداشت اور علاج موزوں ہے؛
- یہ کہ مریض کی رضاکارانہ حیثیت کے لیے موزوں ہے؛ اور
- یہ کہ ہسپتال میں داخلے سے معقول طور پر توقع کی جا سکتی ہے کہ مریض کی حالت میں بہتری آئے گی یا کم از کم اس کی حالت مزید بگڑنے سے روکی جا سکے گی۔

| | | |
|---|---|---|
| معالج یا نرس پریکٹیشنر کے دستخط | تاریخ | وقت (AM/PM) |

| | |
|---|---|
| ہسپتال میں داخلے کے لیے رضاکارانہ درخواست<br>**(دماغی حفظان صحت کا قانون سیکشن §§9.13، اور 9.23)**<br>*مکمل کرنے سے پہلے، پچھلے صفحات پر درج ہدایات کو پڑھیں*<br>OMH فارم 472 | **نام (پہلا، آخری، .I.M)** ____________________<br>**صنف** ______ دیگر **تاریخ پیدائش** ____________________<br>MRN ____________________<br>**مقام/مرکز** ____________________ |

**حصہ C – نابالغ فرد کے رضاکارانہ داخلے کے لیے درخواست**

اس حصے پر ایسے فرد کے دستخط لازمی ہونے چاہئیں جو کسی نابالغ فرد کی رضاکارانہ حیثیت یا رضاکارانہ حیثیت میں تبدیلی کے لیے درخواست دے رہا/رہی ہے۔

مجھے رضاکارانہ حیثیت کی نوعیت اور ریلیز یا غیر رضاکارانہ حیثیت میں تبدیلی سے متعلق ضوابط سے آگاہ کیا گیا ہے اور میں نے انہیں سمجھ لیا ہے۔

☐ **داخلہ**

میں اس فارم کے ذریعے ____________________، جس کی عمر ________ ہے، اس کے ____________________، ذہنی مریضوں کے ہسپتال میں داخلے کی درخواست دیتا/دیتی ہوں۔

☐ **رضاکارانہ حیثیت میں تبدیلی**

میں اس فارم کے ذریعے ____________________، جس کی عمر ________ ہے، ____________________، ذہنی مریضوں کے ہسپتال میں رضاکارانہ حیثیت کی تبدیلی کے لیے درخواست دیتا/دیتی ہوں۔

میں درج ذیل وجوہات کی بناء پر داخلے یا رضاکارانہ حیثیت میں تبدیلی کے لیے درخواست دے رہا/رہی ہوں:

| رضاکارانہ حیثیت یا رضاکارانہ حیثیت میں تبدیلی کی درخواست دینے والے فرد کے دستخط | مریض کے ساتھ رشتہ | تاریخ | وقت (AM/PM) |
|---|---|---|---|
| | | | |

**حصہ D - ہسپتال میں داخلے کی ضرورت اور رضاکارانہ حیثیت کے لیے موزونیت کے حوالے سے معالج اور نرس پریکٹیشنر کی تصدیق**

میں نے داخلے سے قبل مذکورہ بالا نامزد مریض کا معائنہ کر لیا ہے اور تبدیلی کی تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ:

- مریض کو ایسی ذہنی بیماری لاحق ہے جس کے لیے ذہنی ہسپتال میں نگہداشت اور علاج موزوں ہے؛
- یہ کہ مریض کی رضاکارانہ حیثیت کے لیے موزوں ہے؛ اور
- یہ کہ ہسپتال میں داخلے سے معقول طور پر توقع کی جا سکتی ہے کہ مریض کی حالت میں بہتری آئے گی یا کم از کم اس کی حالت مزید بگڑنے سے روکی جا سکے گی۔

| معالج یا نرس پریکٹیشنر کے دستخط | تاریخ | وقت (AM/PM) |
|---|---|---|
| | | |

| | |
|---|---|
| رضاکارانہ داخلے کی حیثیت اور حقوق کا نوٹس<br>**(دماغی حفظان صحت کا قانون سیکشن§9.13)**<br>*ہسپتال میں داخلے کے وقت مریض کو دیا جانا چاہیے)*<br>OMH فارم 472 1SR | **نام (پہلا، آخری، .I.M)**<br>__________<br>**صنف** ______ دیگر **تاریخ پیدائش** ______<br>MRN ______<br>**مقام/مرکز** ______ |

**بنام:** __________ داخلے کی تاریخ __________

☐ آپ کی درخواست موصول ہونے، اور یہ طے پانے کے بعد کہ آپ رضاکارانہ داخلے کے لیے موزوں ہیں، آپ کو اس ہسپتال میں رضاکارانہ حیثیت کے حامل مریض کے طور پر داخل کر لیا گیا ہے جو ذہنی بیماری میں مبتلا مریضوں کو نگہداشت اور علاج فراہم کرتا ہے۔

-یا-

☐ **(صرف نابالغ فرد کے رضاکارانہ داخلے کے لیے)** ذہنی حفظان صحت کے قانون کے تحت آپ کے نام سے درخواست موصول ہونے، اور یہ طے پانے کے بعد کہ آپ رضاکارانہ داخلے کے لیے موزوں ہیں، آپ کو اس ہسپتال میں رضاکارانہ حیثیت کے حامل مریض کے طور پر داخل کر لیا گیا ہے جو ذہنی بیماری میں مبتلا مریضوں کو نگہداشت اور علاج فراہم کرتا ہے۔

اس کے بعد، آپ رضاکارانہ مریض کے طور پر رہ سکتے ہیں یا اگر ہسپتال میں مزید داخلے کی ضرورت نہ ہو تو آپ کو ریلیز کر دیا جائے گا۔ آپ کو غیر رضاکارانہ حیثیت میں بھی تبدیل کیا جا سکتا ہے، لیکن صرف اس صورت میں جب اس بات کی تصدیق ہو جائے کہ آپ غیر رضاکارانہ طور پر داخلے کی شرائط پر پورا اترتے ہیں اور یا تو رضاکارانہ طور پر ہسپتال میں رہنے کے لیے آمادہ نہیں ہیں یا مزید موزوں نہیں ہیں۔

رضاکارانہ حیثیت پر رہتے ہوئے، اگر آپ ہسپتال سے ڈسچارج ہونا چاہتے ہیں تو آپ، کسی بھی وقت، ہسپتال کے عملے کو تحریری طور پر نوٹس بھیج سکتے ہیں۔ ایسی اطلاع موصول ہونے پر، آپ کو فوراً ریلیز کر دیا جائے گا، الا یہ کہ ڈائریکٹر کا یہ خیال ہو کہ آپ غیر رضاکارانہ داخلے کے تقاضوں پر پورا اترتے ہیں اور یہ کہ آپ کو مزید قیام کرنے کی ضرورت ہے—تو اس صورت میں ان کے پاس 72 گھنٹے ہوں گے کہ وہ آپ کو ہسپتال میں رکھنے کے لیے عدالت سے حکم جاری کرنے کی درخواست کریں۔

آپ، اور آپ کی جانب سے کام کرنے والا کوئی بھی شخص، ہسپتال کے عملے سے آپ کی حالت، آپ کی حیثیت اور ذہنی حفظان صحت کے قانون کے تحت آپ کے حقوق، نیز اس ہسپتال کے قواعد و ضوابط کے بارے میں دریافت کر سکتے ہیں۔

**ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس**

ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس، اس ہسپتال کی خود مختار عدالتی ایجنسی ہے، جو آپ اور آپ کے خاندان کو آپ کے ہسپتال میں داخلے کے سلسلے میں نمائندگی سمیت حفاظتی قانونی سروسز، مشورہ اور مدد فراہم کر سکتی ہے۔ آپ کو ہسپتال میں داخلے اور علاج سے متعلق اپنے حقوق سے آگاہ کیا جانے کا حق حاصل ہے، اور عدالتی سماعت کا حق، وکیل کے ذریعے نمائندگی کا حق، اور خود مختار طبی رائے حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔

آپ، یا آپ کی جانب سے کام کرنے والا کوئی بھی فرد، ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس کے دفتر کو ٹیلی فون یا براہ راست خط لکھ کر اس سروس کے نمائندے سے ملاقات یا رابطہ کر سکتا ہے یا ہسپتال کے عملے سے درخواست کر سکتا ہے کہ وہ آپ کے لیے اس حوالے سے انتظامات کریں۔

اس ہسپتال کے لیے ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس کے نمائندے سے درج ذیل پر رابطہ کیا جا سکتا ہے:

____________________

**میں نے اس نوٹس کے مواد کو پڑھ لیا ہے، یا مجھے پڑھ کر سنایا گیا ہے، اور میں نے اسے سمجھ لیا ہے۔**

| مریض کے دستخط | تاریخ | وقت (AM/PM) |
|---|---|---|
| (جہاں قابل اطلاق ہو) اس فرد کے دستخط جس نے رضاکارانہ داخلے کی درخواست پر دستخط کیے ہیں | تاریخ | وقت (AM/PM) |

**درج بالا مریض کو اس نوٹس کی ایک نقل فراہم کی گئی ہے۔** ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس کو بھی حیثیت اور حقوق کے اس نوٹس کی ایک نقل بھیجی جا رہی ہے۔

| ذہنی صحت کے پریکٹیشنر کے عملے کے دستخط | تاریخ | وقت (AM/PM) |
|---|---|---|
| | | |

| | |
|---|---|
| رضاکارانہ حیثیت میں تبدیلی کی حیثیت اور حقوق کا نوٹس<br>**(دماغی حفظان صحت کا قانون سیکشن§9.13)**<br>*ہسپتال میں داخلے کے وقت مریض کو دیا جانا چاہیے*<br>OMH فارم 472 2SR | **نام (پہلا، آخری، .I.M)** ______<br>**صنف** دیگر **تاریخ پیدائش** ______<br>MRN ______<br>**مقام/مرکز** ______ |

**بنام:** ______ داخلے کی تاریخ ______

تبدیلی کی تاریخ ______

☐ آپ کی درخواست موصول ہونے، اور یہ طے پانے کے بعد کہ آپ رضاکارانہ داخلے کے لیے موزوں ہیں، اُس ہسپتال میں آپ کی حیثیت کو رضاکارانہ مریض کے طور پر تبدیل کر دیا گیا ہے جو ذہنی بیماری میں مبتلا مریضوں کو نگہداشت اور علاج فراہم کرتا ہے۔

-یا-

☐ **(صرف نابالغ فرد کے رضاکارانہ داخلے کے لیے)** ذہنی حفظان صحت کے قانون کے تحت آپ کی جانب سے درخواست موصول ہونے، اور یہ طے پانے کے بعد کہ آپ رضاکارانہ داخلے کے لیے موزوں ہیں، اُس ہسپتال میں آپ کی حیثیت کو رضاکارانہ مریض کے طور پر تبدیل کر دیا گیا ہے جو ذہنی بیماری میں مبتلا مریضوں کو نگہداشت اور علاج فراہم کرتا ہے۔

اس کے بعد، آپ رضاکارانہ مریض کے طور پر رہ سکتے ہیں یا اگر ہسپتال میں مزید داخلے کی ضرورت نہ ہو تو آپ کو ریلیز کر دیا جائے گا۔ آپ کو غیر رضاکارانہ حیثیت میں بھی تبدیل کیا جا سکتا ہے، لیکن صرف اس صورت میں جب اس بات کی تصدیق ہو جائے کہ آپ غیر رضاکارانہ طور پر داخلے کی شرائط پر پورا اترتے ہیں اور یا تو رضاکارانہ طور پر ہسپتال میں رہنے کے لیے آمادہ نہیں ہیں یا مزید موزوں نہیں ہیں۔

رضاکارانہ حیثیت پر رہتے ہوئے، اگر آپ ہسپتال سے ڈسچارج ہونا چاہتے ہیں تو آپ، کسی بھی وقت، ہسپتال کے عملے کو تحریری طور پر نوٹس بھیج سکتے ہیں۔ ایسی اطلاع موصول ہونے پر، آپ کو فوراً ریلیز کر دیا جائے گا، الا یہ کہ ڈائریکٹر کا یہ خیال ہو کہ آپ غیر رضاکارانہ داخلے کے تقاضوں پر پورا اترتے ہیں اور یہ کہ آپ کو مزید قیام کرنے کی ضرورت ہے—تو اس صورت میں ان کے پاس 72 گھنٹے ہوں گے کہ وہ آپ کو ہسپتال میں رکھنے کے لیے عدالت سے حکم جاری کرنے کی درخواست کریں۔

آپ، اور آپ کی جانب سے کام کرنے والا کوئی بھی شخص، ہسپتال کے عملے سے آپ کی حالت، آپ کی حیثیت اور ذہنی حفظان صحت کے قانون کے تحت آپ کے حقوق، نیز اس ہسپتال کے قواعد و ضوابط کے بارے میں دریافت کر سکتے ہیں۔

**ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس**

ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس، اس ہسپتال کی خود مختار عدالتی ایجنسی ہے، جو آپ اور آپ کے خاندان کو آپ کے ہسپتال میں داخلے کے سلسلے میں نمائندگی سمیت حفاظتی قانونی سروسز، مشورہ اور مدد فراہم کر سکتی ہے۔ آپ کو ہسپتال میں داخلے اور علاج سے متعلق اپنے حقوق سے آگاہ کیا جانے کا حق حاصل ہے، اور عدالتی سماعت کا حق، وکیل کے ذریعے نمائندگی کا حق، اور خود مختار طبی رائے حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔

آپ، یا آپ کی جانب سے کام کرنے والا کوئی بھی فرد، ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس کے دفتر کو ٹیلی فون یا براہ راست خط لکھ کر اس سروس کے نمائندے سے ملاقات یا رابطہ کر سکتا ہے یا ہسپتال کے عملے سے درخواست کر سکتا ہے کہ وہ آپ کے لیے اس حوالے سے انتظامات کریں۔

اس ہسپتال کے لیے ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس کے نمائندے سے درج ذیل پر رابطہ کیا جا سکتا ہے:

______

**میں نے اس نوٹس کے مواد کو پڑھ لیا ہے، یا مجھے پڑھ کر سنایا گیا ہے، اور میں نے اسے سمجھ لیا ہے۔**

| مریض کے دستخط | تاریخ | وقت (AM/PM) |
|---|---|---|
| (جہاں قابل اطلاق ہو) اس فرد کے دستخط جس نے رضاکارانہ داخلے کی درخواست پر دستخط کیے ہیں | تاریخ | وقت (AM/PM) |

**درج بالا مریض کو اس نوٹس کی ایک نقل فراہم کی گئی ہے۔** ذہنی حفظان صحت کی قانونی سروس کو بھی حیثیت اور حقوق کے اس نوٹس کی ایک نقل بھیجی جا رہی ہے۔

| ذہنی صحت کے پریکٹیشنر کے عملے کے دستخط | تاریخ | وقت (AM/PM) |
|---|---|---|